Prime Minister’s meeting with Mr. Tadashi Yanai, Chairman, President & CEO, Fast Retailing Co. Ltd.

May 23, 2022

وزیر اعظم کی فاسٹ رٹیلنگ کمپنی لمیٹڈ کے چیئرمین، صدر اور سی ای او جناب تداشی یانائی کے ساتھ میٹنگ

وزیر اعظم جناب نریندر مودی نے 23 مئی، 2022 کو ٹوکیو میں یونیکلو کی بنیادی کمپنی، فاسٹ رٹیلنگ کمپنی لمیٹڈ کے چیئرمین، صدر اور سی ای او جناب تداشی یانائی سے ملاقات کی۔ میٹنگ میں انہوں نے بھارت کے تیزی سے بڑھتے کپڑے و ملبوسات کے بازار اور بھارت میں ٹیکسٹائل پروجیکٹوں کے لیے پیداوار سے جڑی ترغیبی (پی ایل آئی) اسکیم کے تحت سرمایہ کاری کے مواقع پر بات چیت کی۔ انہوں نے صنعتی ترقی، بنیادی ڈھانچہ، ٹیکس کے نظام اور افرادی قوت کے شعبوں سمیت بھارت میں غیر ملکی سرمایہ کاروں کے لیے کاروبار میں آسانی سے متعلق مختلف اصلاحات پر بھی گفتگو کی۔

وزیر اعظم نے ٹیکسٹائل کا مینوفیکچرنگ ہب بننے کے بھارت کے سفر میں، خاص طور سے کپڑا بنانے میں ٹیکنالوجیوں کے استعمال کے شعبے میں یونیکلو کو زیادہ حصہ داری کے لیے مدعو کیا۔ وزیر اعظم نے ٹیکسٹائل کے شعبے کو مزید مضبوط کرنے کے مقصد سے شروع کی گئی پی ایم-متر اسکیم میں بھی حصہ لینے کے لیے یونیکلو کو مدعو کیا۔

ٹوکیو

23 مئی 2022

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA’s website and may be referred to as the official press release.